CANADA

ووٹ

2015ء فیڈرل الیکشن بلیٹن:

بچے کی نگہداشت

مسئلہ

جیسے جیسے خاندان بچے کی پرورش پر آنے والے بہت زیادہ خرچے کو پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں ویسے ویسے پرانی کہاوت 'ایک بچے کی پرورش کیلئے پورا گاؤں درکار ہوتا ہے' اس سے پہلے کبھی اتنی سچ نہیں تھی۔ بہت سے گھرانوں کیلئے، رہائش کے بعد بچے کی نگہداشت دوسرا بڑا خرچہ ہے۔ کینیڈا میں درمیانے درجے کی چائلڈ کیئر کیلئے شیر خوار بچے کیلئے 761 ڈالر، چھوٹے بچے کیلئے 701 ڈالر اور اسکول شروع کرنے سے پہلے کی عمر کے بچوں کیلئے 674 ڈالر ماہانہ فیس ہے۔

مضمون

بہت زیادہ فیسوں کے ساتھ ساتھ، آمدنی کے علاوہ چائلڈ کیئر تلاش کرنا بہت مشکل ہو سکتا ہے۔ کینیڈا میں تمام 0-5 سال کی عمر کے ایک چوتھائی سے بھی کم کے بچوں کیلئے باضابطہ چائلڈ کیئر کی جگہیں ہیں، اور 0-12 سال کے درمیان کی عمر کے بچوں کیلئے ہر پانچ میں سے صرف ایک سے تھوڑے سے زیادہ کیلئے جگہ ہے۔

اس ضرورت کے باوجود، کینیڈا میں چائلڈ کیئر کا کوئی قومی پروگرام موجود نہیں ہے۔ وفاقی حکومت والدین کو کیش بینافٹ فراہم کرتی ہے جسے یونیورسل چائلڈ کیئر بینافٹ (یو سی سی بی)[Universal Child Care Benefit (UCCB)] کہتے ہیں۔ تاہم اس سال یو سی سی بی میں منصوبہ بندی کے تحت اضافے کے باوجود، 6 سال سے کم عمر کے ہر بچے کیلئے والدین کو ہر سال محض 1,920 ڈالر ملیں گے۔ جس کے ساتھ چائلڈ کیئر کی قیمتوں کا ایک چوتھائی بھی پورا نہیں ہو گا۔ کیش بینافٹ یہ یقینی بنانے میں بھی کچھ نہیں کرتا کہ ضرورت کے مطابق ہمارے پاس چائلڈ کیئر کی معقول باضابطہ جگہیں ہیں۔

قابل برداشت اخراجات والے چائلڈ کیئر کیلئے ہزاروں بچوں کے انتظار کی فہرست پر ہونے اور خاندانوں کی اپنی کمیونٹیوں میں اعلیٰ معیاری چائلڈ کیئر کی تلاش کی کوشش کے ساتھ، قومی چائلڈ کیئر کے نظام کی ضرورت واضح ہے۔ یہ یقینی بنانا کہ والدین مسلسل، محفوظ، قابل برداشت اخراجات والے اور معیاری چائلڈ کیئر تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں یہ خاندانوں کو مدد فراہم کرتا ہے اور بچوں کو بعد کی کامیابی کیلئے تیار کرتا ہے۔ اعلیٰ معیاری، باضابطہ چائلڈ کیئر میں تمام کینیڈین کو دلچسپی ہے۔

صوبے کے لحاظ سے 0-12 سال کی عمر کے بچوں کی % جن کیلئے باضابطہ چائلڈ کیئر کی جگہ موجود ہے —2012ء



Source: Ferns & Friendly 2012

سوالات

1. آپ کی پارٹی چائلڈ کیئر کی بہت زیادہ قیمتوں اور اعانتی جگہوں کی کمی کا کیا حل نکالے گی؟

2. کیا آپ کی پارٹی ابتدائی علم اور چائلڈ کیئر کے نظام کو قومی سطح پر متعارف کروائے گی جس تک سب کو رسائی حاصل ہو؟

ذرائع:

مزید معلومات اور اس سلسلے کے اضافی حقائق ناموں کیلئے:

http://spno.ca/canada-votes-2015

یہ سلسلہ مندرجہ ذیل کے ذریعے عمل میں آیا: کینیڈین کونسل آن سوشل ڈیویلپمینٹ، کمیونٹی ڈیویلپمینٹ کونسل درہم، کمیونٹی ڈیویلپمینٹ ہالٹن، ایڈمنٹن سوشل پلاننگ کونسل، سینٹ جان ہیومن ڈیویلپمینٹ کونسل، سوشل پلاننگ اینڈ ریسرچ کونسل آف بی سی، سوشل پلاننگ اینڈ ریسرچ کونسل آف ہیملٹن، سوشل پلاننگ کونسل آف کیمبرج اینڈ نارتھ ڈمفریز، سوشل پلاننگ کونسل آف کچنر-واٹرلو، سوشل پلاننگ نیٹ ورک آف اونٹاریو، اور سوشل پلاننگ ٹورانٹو۔

الیکشن کا دن: 19 اکتوبر 2015ء

ترجمہ بذریعہ ایم سی آئی ایس لینگویج سروسز- غیر منافع بخش تنظیم
www.mcislanguages.ca